# اُردو

# Urdu (206)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے نمبر اُس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اپنا رول نمبر، اسٹڈی سینٹر کا نام اور مضمون کا نام صاف الفاظ میں لکھیے۔

**سوال نمبر1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40سے60 الفاظ میں لکھیے۔** 2

(الف) بھکتی تحریک کے بارے میں اپنے خیالات وضاحت کے ساتھ بتائیے۔ مصنف کے خیال میں ہندوستان کی اس ملی جلی تہذیب کو کن بنیادوں پر قائم رکھا جا سکتا ہے۔ (سبق نمبر3)

**یا**

(ب) اردو ہم سب کی زبان ہے وضاحت کیجیے۔ پانچ ایسے محاورے لکھیے جو اردو ہندی میں مشترک ہیں۔ (سبق نمبر5)

**سوال نمبر2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40سے60 الفاظ میں لکھیے۔** 2

(الف) ہندو مسلم اتحاد سے کن تہذیبی اداروں کو فروغ حاصل ہوا۔ وضاحت کیجیے۔ (سبق نمبر3)

**یا**

(ب) تمنّاؤں میں اُلجھایا گیا ہوں
کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں (سبق نمبر9)

اس شعر میں کھلونے دے کے بہلانے کا کیا مطلب ہے۔ اس کی وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40سے60 الفاظ میں لکھیے** 2

(الف) اڑتالیس برس کے بعد جب افسانہ بیان کرنے والا اپنی پچھلی بہار کی محبوبہ سے ملتا ہے تو کس غلط فہمی کا ازالہ ہوتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔ (سبق نمبر11)

**یا**

(ب) غالب نے یہ کیوں کہا کہ انھوں نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا ہے۔ وضاحت کیجیے۔ (سبق نمبر14)



Contact for Solutions Unnati Educations
9899436384, 9654279279

سوال نمبر4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(الف) ڈرامے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ ہر ایک کے بارے میں پانچ پانچ جملے لکھیے۔ (سبق نمبر 15)

یا

(ب) حالی نے اپنی غزل کے مطلع میں "خوب سے خوب تر" اس فقرے میں کیا کہنے کی کوشش کی ہے۔اس فقرے پر پانچ جملے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ساتھ ہی مقطع کی تشریح بھی اپنے لفظوں میں لکھیے۔ (سبق نمبر 18)

سوال نمب 5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

آج بھی قافلۂ عشق رواں ہے کہ جو تھا
وہی میل اور وہی سنگ نشاں ہے کہ جو تھا
منزلیں گرد کی مانند اُڑی جاتی ہیں
وہی انداز جہانِ گزراں ہے کہ جو تھا

(الف) (i) مندرجہ بالا اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (سبق نمبر 20)

(ii) غزل کی تعریف اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ (سبق نمبر 20)

یا

(ب) نظم کشمیر میں شاعر نے کشمیر کی خوبصورتی کا نقشہ کس طرح کھینچا ہے؟ (سبق نمبر 21)

سوال نمبر6۔ پروجیکٹ ورک

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا 500 الفاظ میں جواب لکھیے۔ 6

(الف) درخواست کسے کہتے ہیں۔ اجتماعی اور انفرادی درخواست میں کیا فرق ہے؟ ایک سرکاری ملازم کی چھٹی کتنی طرح کی ہوتی ہے۔ چھٹی لینے کے لیے ایک درخواست بھی لکھیے۔ (سبق نمبر 28)

یا

(ب) کمپیوٹر کی تعریف اور استعمال پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ کمپیوٹر کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ لکھیے اور کمپیوٹر سے روزگار کس طرح حاصل کیا جاسکتا ہے؟ (سبق نمبر 29)



Contact for Solutions Unnati Educations
9899436384, 9654279279